خبر نامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی (۴۹)

☆ صدر ادارۂ تحقیق اور امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیف ’غیر مسلموں سے تعلقات اور ان کے حقوق‘ موجودہ حالات کے پس منظر میں غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے۔ اس کے دو ایڈیشن ادارۂ تحقیق سے شائع ہوئے تھے، پھر مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے بھی اس کی اشاعت عمل میں آئی تھی۔ اب مصنف کی نظر ثانی اور بعض اضافوں کے ساتھ اس کا چوتھا ایڈیشن طبع ہوا ہے۔ صفحات: ۳۲۰، قیمت -/۱۸۵ روپے (مجلد)۔

☆ مولانا عمری کی حسب ذیل دو تصانیف کے نئے ایڈیشن حال میں منظر عام پر آئے ہیں:

۱-عورت اسلامی معاشرہ میں (۱۵/ واں ایڈیشن) صفحات: ۴۳۲، قیمت -/۱۸۰/ روپے۔

۲-مسلمان عورت کے حقوق اور ان پر اعتراضات کا جائزہ (۸/ واں ایڈیشن) صفحات: ۲۴۰، قیمت -/۱۰۰ روپے۔

☆ مولانا کی کتاب ’غیر اسلامی ریاست اور مسلمان‘ موجودہ دور کے ایک اہم مسئلے سے بحث کرتی ہے۔ اسلامک فاؤنڈیشن ٹرسٹ (چنئی) نے بڑے اہتمام اور سلیقہ سے اس کا تمل ترجمہ شائع کیا ہے۔ صفحات: ۱۲۸، قیمت -/۶۰ روپے۔

☆ مولانا کے کتابچہ ’قرآن کا نظامِ خاندان‘ کا انگریزی ترجمہ Family System in the Holy Quran کے نام سے طبع کرکے جماعت اسلامی ہند حلقہ کرناٹک نے ’مثالی خاندان‘ کے عنوان سے اپنی ریاست گیر مہم کے دوران بڑے پیمانے پر تقسیم کیا تھا۔ اب مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے بھی اس کی اشاعت ہوگئی ہے۔ صفحات: ۳۶، قیمت -/۲۳ روپے۔

☆ ادارہ کا شعبۂ علمی الحمد للہ پوری طرح سرگرم عمل ہے۔ اس کے تحت دو افراد پہلے سے کام کررہے تھے۔ حال میں تیسرے محقق (مولانا کمال اختر قاسمی) کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ نئی نسل کی علمی وفکری نشو ونما کے مقصد سے ادارہ میں تصنیفی تربیت کا دوسالہ کورس عرصہ سے جاری ہے۔ اگست ۲۰۱۳ء میں چار نئے طلبہ نے اس میں داخلہ لیا ہے۔

☆ ادارہ کے سلسلۂ توسیعی خطبات کے تحت ۲۹/ ستمبر ۲۰۱۳ء کو پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی، سابق ڈائرکٹر انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ نے ’عصر حاضر میں امت کے اختلافی مسائل اور ان کا تدارک‘ کے موضوع پر خطبہ دیا۔ اس پروگرام کی صدارت پروفیسر سید احتشام احمد ندوی، سابق ڈین فیکلٹی آف آرٹس، کیرلا یونی ورسٹی نے فرمائی۔ خطبہ

کے بعد حاضرین مجلس نے مباحثہ میں حصہ لیا اور بعض امور پر اظہار خیال کیا۔

☆ اسٹوڈینٹس اسلامک ٹرسٹ (SIT) کی جانب سے اسلامک ڈیولپمنٹ بینک جدہ (IDB) کے تعاون سے عصری تعلیم حاصل کرنے والے مسلم طلبہ وطالبات کے لیے اسکالرشپ فراہم کرنے کا سلسلہ عرصے سے جاری ہے۔ اسکالرشپ کے امیدوار طلبہ کا ایک سہ روزہ ورک شاپ ۱۳-۱۵/ستمبر۲۰۱۳ء کو البرکات ہائر سیکنڈری اسکول علی گڑھ میں منعقد ہوا۔ اس میں رکن ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی نے بہ حیثیت 'ریسورس پرسن' شرکت کی اور 'صحابہ کرام- امت کے لیے اسوہ' کے موضوع پر خطاب کیا۔

☆ اس سے پہلے خبر دی جاچکی ہے کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ لائبریری، ادارۂ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی اسلام آباد کے لائبریرین جناب عبدالرؤف صاحب نے مجلّہ 'تحقیقات اسلامی' کے سوشماروں (۱۹۸۲-۲۰۰۶ء) کا Digital Collection تیار کیا تھا۔ اب اسے انھوں نے Update کرکے اب تک (۲۰۱۳ء) کے تمام شماروں کو اس میں شامل کردیا ہے۔ اس طرح محققین اور علمی کام کرنے والوں کے لیے اس سے استفادہ آسان ہوگیا ہے۔ اس اہم علمی خدمت پر ادارہ موصوف کا شکر گزار ہے۔ اللہ تعالیٰ انھیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ اسے tahqeeqate.blogspot.in پر Visit کیا جاسکتا ہے۔

☆ مجلّات کی فہرست سازی کا ایک بین الاقوامی ادارہ قائم ہے جس کا صدر دفتر فرانس میں ہے اور دنیا کے ہر ملک میں اس کی شاخیں موجود ہیں۔ اس ادارہ کی جانب سے مجلّات کے رجسٹریشن کے بعد ایک نمبر جاری کیا جاتا ہے۔ الحمدللہ تحقیقات اسلامی کے لیے انٹرنیشنل سیریل نمبر حاصل کرلیا گیا ہے، جو یہ ہے: ISSN 2321-8339

☆ طے کیا گیا ہے کہ ان شاء اللہ تحقیقات اسلامی کے اگلے شمارے سے اس کے مقالات کا انگریزی خلاصہ بھی اس میں شامل کیا جائے گا۔ اس لیے مقالہ نگار حضرات سے گزارش ہے کہ آئندہ اپنے مقالات کے ساتھ انگریزی زبان میں ان کے خلاصے (ایک صفحہ سے کم) بھی ارسال کیا کریں۔

☆ الحمد للہ ادارہ کے کیمپس میں مسجد کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ پہلی منزل کی چھت پڑچکی ہے۔ اس وقت پلاسٹر ہورہا ہے۔ امید ہے کہ تین چار ماہ کے اندر اس میں باقاعدہ نماز کا سلسلہ شروع ہوجائے گا۔